آج کے دن ایک ایسی تاریخ ساز ہستی نے جنم لیا
جس نے تاریخ کے رخ بدل دیئے

روزنامہ نوائے احمد پور شرقیہ

چیف ایڈیٹر
احسان احمد سحر
بہاول پور

25 دسمبر 2023

یوم ولادت

اہل وطن کو

قائداعظم محمد علی جناحؒ

مبارک

آیئے ! ہم عہد کریں کہ ہم بابائے قوم حضرت قائداعظم محمد علی جناحؒ کے
فرمودات کے مطابق پاکستان کو حقیقی معنوں میں مستحکم اسلامی مملکت بنائیں گے

فرمان قائدؒ

مجھ سے اکثر پوچھا جاتا ہے کہ پاکستان کا طرزِ حکومت کیا ہوگا؟
پاکستان کے طرز حکومت کا تعین کرنے والا میں کون ہوتا ہوں
مسلمانوں کا طرزِ حکومت آج سے تیرہ سو سال قبل قرآن کریم
نے وضاحت کے ساتھ بیان کر دیا تھا۔ الحمدللہ قرآن مجید
ہماری رہنمائی کے لیے موجود ہے اور قیامت تک موجود رہے گا

(آل انڈیا مسلم سٹوڈنٹس فیڈریشن کے اجلاس منعقدہ 15 نومبر 1942ء سے خطاب)

بانی پاکستان قائداعظم محمد علی جناحؒ اور مادر ملت محترمہ فاطمہ جناحؒ کی خلد آشیانی نواب سر صادق محمد خان عباسی کی اقامتگاہ بہاولپور ہاؤس ملیر کراچی میں لی گئی دو نادر تصاویر
ولی عہد ریاست بہاول پور الحاج بریگیڈیئر نواب محمد عباس خان عباسی مرحوم و مغفور بھی اپنے عظیم المرتبت والد گرامی کے مشیران اور وزراء کے ہمراہ موجود ہیں

آڈٹ بیورو آف سرکولیشن (ABC) کو وزارت اطلاعات ونشریات سے باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت

DAILY NAWA-E-AHMEDPUR SHARQIA

رجسٹرڈ نمبر 243

روزنامہ

نوائے احمد پور شرقیہ

بہاولپور

چیف ایڈیٹر
احسان احمد سحر

ایڈیٹر
اعجاز احمد خان

منیجنگ ایڈیٹر
محمد سلیمان فاروقی

ٹیلیفون نمبر 062-2508053
موبائل 0301-7740405

E-mail: nawaiahmedpur@gmail.com, daily.nawaiahmedpur@gmail.com

جلد نمبر 17 | بدھ 27 دسمبر 2023ء قیمت فی شمارہ 10 روپے زرسالانہ 3 ہزار روپے | شمارہ نمبر 218

پی ٹی آئی کی فتح بلے کا نشان واپس الیکشن کمیشن کا فیصلہ معطل

پشاور ہائی کورٹ میں جسٹس کامران حیات میاں خیل نے پی ٹی آئی کی درخواست پر سماعت کی، دوران سماعت پی ٹی آئی کے وکلا علی ظفر، بیرسٹر گوہر خان اور بابر اعوان پیش ہوئے

عدالت نے بلے کا نشان بحال کرتے ہوئے الیکشن کمیشن و دیگر فریقین کو نوٹس جاری کر دیا

پشاور (مانیٹرنگ ڈیسک) پشاور ہائی کورٹ میں پی ٹی آئی کی انٹرا پارٹی انتخابات کالعدم قرار دینے اور انتخابی نشان بلا واپس لینے کے الیکشن کمیشن کے فیصلے کے خلاف درخواست پر سماعت ہوئی، پشاور ہائیکورٹ نے پی ٹی آئی کی درخواست منظور کرتے ہوئے الیکشن کمیشن کا فیصلہ معطل کر دیا۔ جسٹس کامران حیات میاں خیل نے پی ٹی آئی کی درخواست پر سماعت کی، دوران سماعت پی

بقیہ نمبر 1 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

24 قیراط سونے کی قیمت 2 لاکھ 19 ہزار 600 روپے ہوگئی

کراچی (یواین پی) ملک میں سونے کی فی تولہ قیمت میں 300 روپے کا معمولی اضافہ ریکارڈ کیا گیا۔ منگل کیروز ملک بھر میں

بقیہ نمبر 4 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

تمام تعمیراتی کام اعلیٰ معیار کیساتھ مقرر کیے گئے وقت کے مطابق مکمل کیے جائیں

ڈپٹی سیکرٹری کمیونیکیشن اینڈ ورکس (ایڈمن) جنوبی پنجاب سید وسیم حسن

بہاول پور (پ ر) سیکرٹری کمیونیکیشن اینڈ ورکس ڈیپارٹمنٹ جنوبی پنجاب جواد اکرم کی ہدایت پر ڈپٹی سیکرٹری کمیونیکیشن اینڈ ورکس (ایڈمن) جنوبی پنجاب سید وسیم حسن نے رحیم یار خان نورے والی ریلوے کراسنگ سے صادق آباد تک پختہ سڑک کی مرمت و بحالی کے کاموں کا موقع پر جا کر معائنہ کیا۔ اس موقع پر ایس ڈی او

بقیہ نمبر 2 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

مرکزی انجمن تاجران کے سرپرست اور سابق کونسلر سر حاجی ایوب عاربی کا دوستوں سمیت پرنس بہاول خان عباسی کی حمایت کا اعلان

آٹھ فروری کا دن پرنس بہاول عباس خان عباسی کی فتح اور کامیابی کا دن ہوگا پرنس بہاول خان عباسی کو بھاری اکثریت سے کامیاب کروائیں گے

احمد پور شرقیہ: سابق کونسلر محمد ایوب عاربی صادق گڑھ پیلس میں پرنس بہاول خان عباسی ملاقات کر رہے ہیں۔

احمد پور شرقیہ (نامہ نگار) مرکزی انجمن تاجران کے سرپرست اور سابق کونسلر حاجی ایوب عاربی کی صادق گڑھ پیلس میں پرنس بہاول عباس خان عباسی سے ملاقات، دوستوں سمیت پرنس بہاول عباس خان عباسی گروپ میں شمولیت سیاسی آمور پر تبادلہ خیال۔ تفصیل کے مطابق امیدوار ایم این اے این اے 166 کے امیدوار پرنس بہاول عباس خان عباسی گروپ میں آئے روز اضافہ ہونے لگا۔ سابق کونسلر حاجی ایوب کی صادق گڑھ پیلس میں پرنس بہاول عباس خان عباسی سے خصوصی ملاقات حاجی ایوب عاربی نے دوستوں سمیت پرنس بہاول عباس خان عباسی گروپ کا حمایت کا اعلان کر دیا۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان بنانے میں عباسی خاندان کا اہم کردار شامل تھا اس خاندان کے احسانات کو ہم نہیں بھول سکتے آئندہ الیکشن میں پرنس بہاول عباس خان عباسی کا بھرپور ساتھ دے گے آٹھ فروری کا دن پرنس بہاول عباس خان عباسی کی فتح اور کامیابی کا دن ہوگا ہم ایم این اے کی نشت پر پرنس بہاول خان عباسی کو بھاری اکثریت سے کامیاب کروائیں گے

☆☆☆

مسیحی برادری تعمیر وترقی میں شانہ بشانہ کھڑے ہیں، ڈپٹی کمشنر بہاولپور

بہاول پور (پ ر) ڈپٹی کمشنر بہاولپور ظہیر

بقیہ نمبر 6 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

ڈیجیٹل ایج میں گورننس، ڈی سینٹرلائزیشن اور ڈیموکریسی کے موضوع پر سیمینار

بہاول پور (پ ر) ڈیپارٹمنٹ آف

بقیہ نمبر 5 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

وزیر اعلیٰ محسن نقوی علم و ادب کے قدردان نقوی احمد پوری مرحوم کا ذکر کرنے پر انہیں ان کا کلام بھجوایا

حکیم طاق محمود چغتائی

احمد پور شرقیہ کی دھرتی ہمیشہ مردم خیز رہی اگر نقوی احمد پوری مرحوم کسی بڑے شہر میں ہوتے تو آج ان کا شمار صف اول کے ملکی شعرا کرام میں ہوتا

عبقری میڈیا گروپ کے چیئرمین کا عبقری حویلی میں محفل مشاعرہ میں صدارتی خطاب، شیخ الوظائف نے سامعین کو جادو ٹونے نظر بند کے خاتمے اور دولت سے مالا مال ہونے کے وظائف بھی دیئے

احمد پور شرقیہ: عبقری میڈیا گروپ کے زیر اہتمام عبقری حویلی میں منعقدہ محفل مشاعرہ میں شعرا کرام سید ممنون بخاری شاہد عالم شاہد عبدالمجید ناصح منور سراج سجاد شاہین مختیار مست غلام فرید جانی اور یاسر شاہد اپنا کلام پیش کر رہے ہیں جبکہ مدیر احسان احمد سحر میزبان حکیم طارق محمود چغتائی کے ساتھ موجود ہیں

احمد پور شرقیہ (سٹاف رپورٹر) عبقری میڈیا گروپ کے چیئرمین حکیم محمد طارق محمود چغتائی نے کہا ہے کہ تخصیل احمد پور شرقیہ کی سرزمین ہمیشہ مردم خیز رہی ہے، اس دھرتی پر جنم لینے والے متعدد ادیبوں اور شعرائے کرام نے علم و ادب کی بے پناہ خدمت کی ہے۔ احمد پور شرقیہ کے معروف شاعر نقوی احمد پوری مرحوم اگر کسی بڑے شہر میں ہوتے تو آج ان کا مقام صف اول کے ملکی شعرائے کرام میں ہوتا ان خیالات کا اظہار انہوں نے عبقری حویلی میں محفل مشاعرہ کی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کیا جس میں مقامی شعرائے کرام سید ممنون بخاری، شاہد عالم شاہد، منور سراج،

بقیہ نمبر 3 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

ملک بھر میں انتہائی حساس اور حساس پولنگ اسٹیشنز کی درجہ بندی مکمل

الیکشن کمیشن نے ملک بھر میں قائم پولنگ اسٹیشنز کی درجہ بندی مکمل کرتے ہوئے اے، بی اور سی کیٹگری میں تقسیم کر دیا ہے جس کے تحت ساڑھے 92 ہزار پولنگ اسٹیشن کو نارمل، 32 ہزار 508 پولنگ اسٹیشنز کو حساس اور ساڑھے 17 ہزار سے زائد پولنگ اسٹیشنز کو انتہائی حساس قرار دیا گیا ہے

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) ملک بھر میں انتہائی حساس اور حساس پولنگ اسٹیشنز کی درجہ بندی مکمل کر لی گئی۔ ذرائع کے مطابق الیکشن کمیشن نے ملک بھر میں قائم پولنگ اسٹیشنز کی درجہ بندی مکمل کرتے ہوئے اے، بی اور سی کیٹگری میں تقسیم کر دیا ہے جس کے تحت ساڑھے 92 ہزار پولنگ اسٹیشنز میں سے ساڑھے 42 ہزار پولنگ اسٹیشن کو نارمل، 32 ہزار 508 پولنگ اسٹیشنز کو حساس اور ساڑھے 17 ہزار سے زائد پولنگ اسٹیشنز کو انتہائی حساس قرار دیا گیا ہے۔ الیکشن کمیشن نے ملک بھر میں انتہائی حساس پولنگ اسٹیشنز کی کیمروں سے مانیٹرنگ کا فیصلہ کیا ہے اور اس سلسلے میں صوبائی چیف سیکرٹریز اور ڈی آر اوز کو ہدایات جاری کر دی ہیں۔ بدامنی کے خدشات کے پیش نظر ملک بھر میں 17 ہزار 500 سے زائد انتہائی حساس پولنگ اسٹیشنز پر سی سی ٹی وی کیمرے نصب کیے جائیں گے۔ انتہائی حساس پولنگ اسٹیشنز کے تمام بوتھوں پر کیمرے نصب ہونگے۔ سی سی ٹی وی کیمروں سے پولنگ اسٹیشنز پر انتخابی عمل، گنتی اور نتائج کی تیاری کی مانیٹرنگ ہوگی۔ پنجاب کے 6 ہزار 599، سندھ کے 4 ہزار 430 پولنگ

بقیہ نمبر 7 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

سینئر مینجمنٹ کورس کے آفیسرز کا ان لینڈ سٹڈی ٹور پروگرام کے تحت ریجن بہاولپور کا مطالعاتی دورہ

آر پی او بہاولپور رائے بابر سعید نے شرکا کو کورس کو بریفنگ دی۔ پولیس کی جانب سے دی جانے والی سہولیات، اقدامات اور پولیس اصلاحات کے حوالے سے آگاہ کیا

بہاولپور: سینئر مینجمنٹ کورس کے آفیسرز کا ان لینڈ سٹڈی ٹور پروگرام کے تحت ریجن بہاولپور کا مطالعاتی دورہ کے دوران آر پی او رائے بابر سعید کے ہمراہ گروپ فوٹو۔

بہاولپور (پ ر) سینئر مینجمنٹ کورس اسلام آباد کے آفیسرز نے آر پی او آفس بہاولپور کا دورہ کیا۔ تفصیل کے مطابق نیشنل انسٹیٹیوٹ آف مینجمنٹ اسلام آباد کے زیر اہتمام چلنے والے چونتیسویں (34th) سینئر مینجمنٹ کورس کے آفیسرز

بقیہ نمبر 10 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

سٹاک مارکیٹ میں شدید مندی، انڈیکس 61 ہزار سے بھی نیچے آ گیا

کراچی (یواین پی) پاکستان کی سٹاک مارکیٹ میں شدید مندی دیکھی جا رہی ہے جہاں چند روز قبل تک بلندیوں کو چھونے والا پاکستان سٹاک ایکسچینج کا 100 انڈیکس 61 ہزار سے بھی

بقیہ نمبر 11 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

حسن عسکری شیخ نامزد امیدوار صوبائی اسمبلی حلقہ پی پی 248 طارق بشیر چیمہ گروپ کی بھرپور انتخابی مہم جاری

ہمیں اب آنیوالی نسلوں کے بارے میں سوچنا ہوگا، ہم نے تو جیسے تیسے زندگی گزار لی اب اپنے بچوں کا مستقبل تباہ نہیں کر سکتے، صدارتی ایوارڈ یافتہ شاعر جہانگیر مخلص سے گفتگو

چنی گوٹھ: جھوک فیضان فرید میں امیدوار صوبائی اسمبلی حسن عسکری شیخ صدارتی ایوارڈ یافتہ شاعر جہانگیر مخلص، ذوالفقار علی ناچ اور دیگر سے ملاقات کر رہے ہیں۔

چنی گوٹھ (نامہ نگار) امیدوار صوبائی اسمبلی حلقہ پی پی 248 چوہدری طارق بشیر چیمہ گروپ

بقیہ نمبر 8 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

غیر قانونی افغان باشندوں کی وطن واپسی کا سلسلہ بدستور جاری

مزید دو ہزار 600 افغان باشندے اپنے ملک چلے گئے

اسلام آباد (یواین پی) ملک کے مختلف شہروں میں غیر قانونی طور پر مقیم افغان باشندوں کی وطن واپسی کا سلسلہ بدستور جاری۔ سرکاری اعداد وشمار کے مطابق 24 اور 25 دسمبر کو مزید دو ہزار 600 افغان باشندے اپنے ملک چلے گئے، وطن لوٹنے والے افغان شہریوں میں 674 مرد، 478 خواتین اور ایک ہزار 400 سے زائد

بقیہ نمبر 9 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

جمعیت القریش پاکستان کے چیرمین اسلم شاکر قریشی

کی والدہ مرحومہ کے ایصال ثواب کیلئے قران خوانی

تقریب میں حاجی ماسٹر عثمان قریشی، محمد اکرم قریشی، محمد غفار قریشی، قمر پرویز، محمد علی قریشی، وقاص حفیظ قریشی

حاجی محمد رشید قریشی، محمد مدینہ قریشی، ڈاکٹر رئیس قریشی، محمد شاہد کمانڈو قریشی، ایوان القریش کے چیرمین محمد ندیم قریشی

سمیت مختلف مکتبہ فکر کے افراد نے کثیر تعداد میں شرکت کی

جمعیت القریش پاکستان کے چیرمین اسلم شاکر قریشی کی والدہ کے ایصال ثواب کے لیے قران خوانی

احمد پور شرقیہ (نامہ نگار) جمعیت القریش پاکستان کے چیرمین اسلم شاکر قریشی کی والدہ مرحومہ کا ایصال ثواب کیلئے قران خوانی کی تقریب جامع مسجد محمدی نیو فاطمہ جناح کالونی میں منعقد ہوئی قران خوانی میں حاجی ماسٹر عثمان قریشی، محمد اکرم قریشی، محمد غفار قریشی، قمر پرویز، محمد علی قریشی، وقاص حفیظ قریشی، حاجی محمد رشید قریشی، محمد مدینہ قریشی، ڈاکٹر رئیس قریشی، محمد شاہد کمانڈو قریشی،

بقیہ نمبر 22 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

عام انتخابات: نواز شریف کے این اے 130 سے کاغذات نامزدگی منظور

قومی اسمبلی کا حلقہ این اے 130 نواز شریف کا آبائی حلقہ ہے

لاہور (یواین پی) مسلم لیگ (ن) کے قائد نواز شریف کے قومی اسمبلی کے حلقے این اے 130 سے کاغذات نامزدگی منظور کر لیے گئے۔ مسلم لیگ (ن) کے رہنما بلال یاسین نے پارٹی قائد نواز شریف کے این اے 130 سے کاغذات نامزدگی جمع کرائے تھے جنہیں منظور کر لیا گیا ہے۔ بلال یاسین نے بتایا کہ نواز شریف کے

بقیہ نمبر 14 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

شاہ محمود قریشی 15 دن کیلئے اڈیالہ جیل میں نظر بند

ڈپٹی کمشنر راولپنڈی نے وائس چیئرمین پی ٹی آئی کی نظر بندی کے احکامات جاری کر دیئے

راولپنڈی (یواین پی) پاکستان تحریک انصاف کے وائس چیئرمین شاہ محمود قریشی کو اڈیالہ جیل میں نظر بند کر دیا گیا۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق سابق وزیر خارجہ شاہ محمود قریشی کو 15 روز کیلئے اڈیالہ جیل میں نظر بند کیا گیا ہے، ڈپٹی کمشنر راولپنڈی نے وائس چیئرمین پی ٹی آئی کی نظر بندی کے احکامات جاری کیے، اس حوالے سے ڈی سی

بقیہ نمبر 15 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

نگران وزیر اعظم انوار الحق کاکڑ سے خلیل ہاشمی کی ملاقات

خلیل ہاشمی نے پاک۔چین تعلقات کے حوالے سے وزیر اعظم سے رہنمائی حاصل کی

اسلام آباد (یواین پی) نگران وزیر اعظم انوار الحق کاکڑ نے کہا ہے کہ پاکستان چین کے ساتھ اپنے برادرانہ تعلقات کو نئی بلندیوں پر لے جانے کے لئے پرعزم ہے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے چین میں پاکستان کے نئے سفیر خلیل ہاشمی سے گفتگو کرتے ہوئے کیا جنہوں نے منگل کو یہاں ان سے ملاقات کی۔ وزیر اعظم آفس کے

بقیہ نمبر 16 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

تحریک انصاف کے سابق رکن پنجاب اسمبلی ملتان ایئرپورٹ سے گرفتار

چوہدری نعیم ابراہیم کے خلاف پلاٹ پر قبضہ کرنے کا مقدمہ درج ہے

ملتان (یواین پی) تحریک انصاف کے سابق رکن پنجاب اسمبلی چوہدری نعیم ابراہیم کو ملتان ایئرپورٹ سے گرفتار کر لیا گیا۔ تفصیلات کے مطابق پاکستان تحریک انصاف کے رہنما اور سابق ایم پی اے چوہدری نعیم ابراہیم کو گرفتار کیا گیا ہے، پی ٹی آئی رہنما کو شارجہ سے واپس آتے ہوئے ملتان ایئرپورٹ پر حراست میں لیا گیا، چوہدری

بقیہ نمبر 18 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

پرنس بہاول عباس خان عباسی گروپ کے دوستوں کا

سابق وائس چیئرمین سردار شہزاد سہیل خاکوانی کی رہائش گاہ پر مشاورتی اجلاس

پرنس بہاول عباس خان عباسی کی الیکشن مہم کی مزید بہتری کے حوالے سے تمام دوستوں نے اپنی اپنی رائے کا اظہار کیا

احمد پور شرقیہ (نامہ نگار) احمد پور شرقیہ امید وار ایم این اے پرنس بہاول عباس خان عباسی

بقیہ نمبر 12 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

احمد پور شرقیہ: پرنس بہاول عباس خان عباسی گروپ کے دوستوں کا مشاورتی اجلاس سردار شہزاد سہیل خان خاکوانی کی رہائشگاہ پر ہو رہا ہے۔

آئندہ الیکشن میں کامیابی (ن) لیگ کا مقدر ہے چوہدری سعد مسعود

حاجی جان محمد چاصل کی رہائش گاہ پر یونین کونسل چنی گوٹھ اور کلاب کی سیاسی شخصیات سے گفتگو

احمد پور شرقیہ (نامہ نگار) مسلم لیگ (ن) کے امیدوار پی پی حلقہ 248 چوہدری سعد مسعود

بقیہ نمبر 13 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

سابق وفاقی وزیر رضا حیات ہراج کی صاحبزادی کی شادی سابق ایم این اے چوہدری فرخ الطاف کے صاحبزادے کیساتھ انجام پا گئی

سجادہ نشین مخدوم سید افتخار حسن گیلانی نے دعا کرائی اور دولہا دولہن کے لیے نیک خواہشات کا اظہار کیا

اوچ شریف (کرائم رپورٹر) سابق وفاقی وزیر قانون بیرسٹر رضا حیات ہراج کی صاحبزادی کی شادی عروسی سابق ضلعی ناظم جہلم وایم این اے چوہدری فرخ الطاف کے صاحبزادے کے ساتھ انجام پا گئی، رخصتی کی پروقار تقریب پرل کانٹینٹل ہوٹل لاہور میں انجام پائی جس میں سجادہ نشین درگاہ قادریہ عالیہ اوچ شریف و سابق صوبائی سیکرٹری مخدوم سید افتخار حسن گیلانی سمیت ملک بھر

بقیہ نمبر 17 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

پیٹرول اور ڈیزل کی قیمتوں میں نمایاں کمی کے باوجود عوام ٹرانسپورٹرز کے ہاتھوں لٹنے پر مجبور

ٹرانسپورٹرز نے کرایوں میں کوئی کمی نہیں کی سول سوسائٹی اور شہریوں کا ڈپٹی کمشنر بہاولپور سے اصلاح احوال کا مطالبہ

احمد پور شرقیہ (نامہ نگار) پیٹرول اور ڈیزل کی قیمتوں میں نمایاں کمی کے باوجود عوام ٹرانسپورٹرز کے ہاتھوں لٹنے پر مجبور تفصیل کے مطابق پیٹرول اور ڈیزل کی قیمتوں میں نمایاں کمی کے باوجود ٹرانسپورٹرز حضرات نے کرایوں میں کوئی کمی نہیں کی

بقیہ نمبر 19 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

صحافت مقدس پیشہ ہے مگر خطرناک اسائنمنٹ پر جانے سے پہلے حفاظتی تدابیر اختیار کریں خالد نذیر

سابق ڈائریکٹر تعلقات عامہ کا روزنامہ 'نوائے احمد پور شرقیہ' اور احمد پور یونین آف جرنلسٹس احمد پور شرقیہ کے زیر اہتمام مقامی ہوٹل میں منعقدہ خصوصی تربیتی نشست میں اظہار خیال

احمد پور یونین آف جرنلسٹس احمد پور شرقیہ اور نوائے احمد پور شرقیہ کے زیر اہتمام خصوصی نشست میں سابق ڈائریکٹر تعلقات عامہ نذیر خالد' سرپرست اے یو جے احسان احمد سحر' صدر ڈاکٹر عبدالحمید ثاقب' سید سرفراز حسین زیدی' محمد سلیمان فاروقی' شبیر احمد قریشی' حمید اللہ خان عزیز' محمد یوسف غنی قریشی' خلیل الرحمٰن کھوکھر' دوست محمد قریشی' ارم سلیم قادری' محمد عرفان کمبوہ' چوہدری محمد ارشد' امتیاز حیدری' احمد علی چوہدری اور عمران لاڑ لصاویر میں موجود ہیں۔

احمد پور شرقیہ (نامہ نگار) صحافت مقدس پیشہ ہے مگر خطرناک اسائنمنٹ پر جانے سے پہلے حفاظتی تدابیر اختیار کریں اور اجتماعی رپورٹنگ کو ترجیح دیں احمد شرقیہ میں بڑا ٹیلنٹ موجود ہے حسینہ ممتاز۔ عاشق رمضان۔ پروانہ مستانہ اور سرائیکی کے پہلے ناول نگار ظفر خان لاشاری بھی اسی دھرتی کے ہیرو ہیں ان خیالات کا اظہار روزنامہ نوائے احمد پور شرقیہ اور احمد پور یونین آف جرنلسٹس احمد پور شرقیہ کے زیر اہتمام مقامی ہوٹل میں منعقدہ خصوصی تربیتی نشست سے سابق ڈائریکٹر تعلقات عامہ نزیر خالد نے خطاب کرتے ہوئے کیا جس میں ادبی ثقافتی اور صحافتی حوالوں سے دلچسپ گفتگو کی گئی انہوں نے مزید کہا کہ احمد پور شرقیہ میں بڑا ٹیلنٹ موجود ہے۔ سرائیکی گلوکاروں اور شاعروں میں نقوی احمد پوری۔ سفیر لاشاری۔ خرم بہاولپوری۔ حسینہ ممتاز، عاشق رمضان پروانہ مستانہ، حسین ڈاڈھی اور سرائیکی زبان کے پہلے ناول نگار ظفر لاشاری

25 DECEMBER

یوم پیدائش

قائداعظم محمد علی جناحؒ و میاں محمد نواز شریف

پاکستان کی حفاظت ہر مسلمان کا مقدس فریضہ ہے جسکے لئے مسلمانوں نے عظیم قربانیاں دیں

ان قربانیوں کا مقصد خدا کے نام پر حاصل کئے گئے خطے میں اسلامی نظام کا نفاذ تھا

منجانب

محمد اسلم بابا

سابق کونسلر و رہنماء

پاکستان مسلم لیگ (ن)

احمد پور شرقیہ

قائداعظم بحیثیت ایک مثالی سیاستدان

تحریر.....پروفیسر محمد اصغر کلیار

ہر مرحلے پر مسلمان قوم کو ایسے قافلہ سالار میسر آتے رہے جنہوں نے بقدر استطاعت اور بقدر جذبہ شوق، قومی تشخص کی علمی اور عملی وضاحت کی۔ لیکن خواہش کے اس عظیم سفر کے آخری سالار کی بات سب سے جداگانہ تھی۔ یہ قافلہ سالار محمد علی جناح تھے۔ نہ عالم دین، نہ اہل زبان، نہ ماہر اقتصادیات بلکہ نشیب کے علاقے کے ایک وکیل جس کے سامنے بڑے بڑے مسلمان جاگیردار اور تعلقدار دارخم کھاتے تھے۔ اس لیے کہ اس کی ذات میں تمام تر نیک نیتی اور خلوص اپنی قوم کے لیے جو پشاور سے راس کماری اور قلات سے آسام تک پھیلی ہوئی تھی ڈور کے لازوال رشتوں کا اجتماع تھا اور جس کے سامنے گھاگ ہندو سیاستدانوں کی عیاری بے نقاب ہو جاتی تھی اور ولایت سے آئے ہوئے بڑے بڑے صاحب لوگوں کو محتاط گفتگو کرنا پڑتی تھی اور جو واقعتاً اس برصغیر کے مسلمانوں کے لیے قائداعظم تھا۔ رئیس احمد جعفری لکھتے ہیں: قائداعظم نے جھکنا نہیں سیکھا تھا وہ گلاب کا پھول توڑنے کے لیے بھی نہیں جھک سکتے تھے اور جس میں یہ صفت ہو وہ بک نہیں سکتا۔ قائداعظم کی قیادت کو بڑے کٹھن اور مہلک مرحلوں سے بھی گزرنا پڑا مگر ان کے پائے اثبات میں لغزش نہیں آئی انہوں نے لارڈ ٹنکلن جیسے فرعون صفت گورنر سے ٹکر لی اور اس شانے کہ کانگرس کو اس کارنامے کی یادگار کے طور پر جناح پیپلز ہال تعمیر کرنا پڑا۔ انہوں نے ہوم رول کی تحریک چلائی اور اس دبدبے سے کہ بڑے بڑے پنڈت سٹھان کے پرچم تلے آ کر جمع ہونے لگے۔ ایک سیاستدان کو ایک عام آدمی کی زندگی بھی اختیار کرنا پڑتی ہے اس کی صورت و سیرت، وضع قطع، رہن سہن و اطوار و عادات میں زبردست انقلاب آ جاتا ہے۔ گاندھی جی نے سوٹ تہہ کر کے رکھ دیے اور لنگوٹی باندھ لی۔ موتی لال اور جواہر لال نہرو نے ریشم کا لباس ترک کیا اور کھدر پوش بن گئے۔ محمد علی جوہر اور شوکت علی نے داڑھی رکھ لی انگریزی لباس کو الوداع کیا عبا اور عصائے موسیٰ لے کر میدان میں اترے۔ ان سب لیڈروں نے عیش و عشرت کی زندگی چھوڑی اور جیل کی تنگ و تاریک کوٹھڑیوں میں قید و بند کی صعوبتیں برسہا برس برداشت کیں تب کہیں جا کر عوامی قیادت پر جلوہ فگن ہو سکے۔ لیکن قائداعظم ان باتوں سے گزرے بغیر بلند مقام سیاسی راہنما بن گئے۔ برصغیر کی اسلامی تاریخ میں قائداعظم کو یہ منفرد شرف و اعزاز حاصل ہے کہ انہوں نے اپنی پسماندہ اور حالات کے ہاتھوں درماندہ قوم کو نہ صرف غیر ملکی غلامی سے نجات دلائی بلکہ اس اقتصادی اور سماجی ڈھانچے کے شکنجے بھی بکھیر دیے جو ہندو بنیاز ازم کی شکل میں مسلمانوں کی قسمت کو مدت سے پھانسے ہوئے تھے۔ انگریز کی غلامی اور ہندو کی اقتصادی و سماجی گرفت سے اپنی قوم کو آزاد کرانے کے علاوہ قائداعظم کا یہ کارنامہ بھی تاریخ کا منفرد باب ہے کہ انہوں نے برصغیر کی اکائی کو اپنے یقین اور اعتماد کی ضرب سے دولخت کیا۔ ہندوستان کے نقشے پر ایک گہرا خط تقسیم رقم کیا اور یوں مسلمانوں کے لیے ایک آزاد خطہ ارضی کی تخلیق کی جہاں وہ اپنے تصورات کو عملی جامہ پہنا سکیں اور اپنی قومی ترقی اور خود مختاری کے تقاضوں کو پورا کر سکیں۔ قیام پاکستان جو ایک شاعر کا خواب اور ایک نوجوان کا نعرہ مستانہ تھا وہ پاکستان خواب اور نعرہ ہی رہتا اگر قائداعظم کی قیادت مسلم قوم کو نصیب نہ ہوتی۔ علامہ اقبال کے خواب اور نوجوان رحمت کے نعرہ مستانہ میں مشرقی پاکستان کا تصور نہیں ملتا ہے۔ قائداعظم نے علاقائی پاکستان کی جگہ قومی پاکستان کے حصول کو سات برس کے مختصر عرصے میں پایہ تکمیل تک پہنچا دیا۔ اس عرصے میں قائداعظم چومکھی جنگ لڑتے رہے۔ برسر اقتدار انگریز قوم جو مشترکہ ہندوستان کو اپنا طرہ امتیاز سمجھتی تھی دوقومی نظریہ کو ہندوؤں کے ساتھ ساتھ ماننے کے لیے تیار نہیں تھی۔ ہندو جو ملک کی پچھتر فی صدی اکثریت رکھتے تھے اور ہندوستان کو ماتا قرار دے کر ماتا کے حصے بخرے ہونے پر کسی طرح تیار نہیں تھے۔ وہ مرنے اور مارنے پر تیار تھے۔ پنجاب میں سکھ قوم کو تارا سنگھ، ہندوؤں کے شہر پر سکھستان کا سبز باغ دکھا رہے تھے اور صوبائی اسمبلی میں ننگی تلوار لہرا کر اپنے وحشی جذبوں کا اظہار کر رہے تھے۔ مسلم نیشنلسٹ آستین کا سانپ بن کر ڈیڑھ اینٹ کی مسجد بنانے پر مصر تھے۔ اس طرح قائداعظم چار محازوں پر بیک وقت پاکستان کی جنگ کی سپہ سالاری کر رہے تھے۔ مغربی مفکرین اس بات پر حیرت کا اظہار کرتے ہیں کہ ایک کلین شیو آدمی جو جدید ترین فیشن کا لباس زیب تن کرتا تھا جس کی رہائش ہر لحاظ سے شاندار تھی جس نے بیرسٹر کی حیثیت سے خاصی دولت کمائی تھی اور اپنی اس محنت اور ذہانت کی اس کمائی سے اپنے لیے نہایت شاندار، آرام دہ اور بڑی انگریزانہ زندگی بسر کرنے کی عادت ڈال لی تھی جو شکسپیئر کی زبان بولتا تھا جو سترا سر جدید دور کی پیداوار تھا۔ مسلم قومیت کے تصور کا قائداعظم کیسے بن گیا؟ ایک روز محمد صادق خان عباسی نواب آف بہاولپور سے کسی نے دریافت کیا کہ جناح انگریزی تہذیب کے دلدادہ ہیں تو کیا ان کا مرتبہ حسین احمد مدنی وغیرہ سے کم نہ ہوگا۔ آپ نے فرمایا کہ ابوالکلام آزاد اور حسین احمد مدنی اگرچہ بہت بڑے عالم ہیں اور ان سے عالم اسلام کی بڑی امیدیں وابستہ رہی ہیں لیکن جناح کی بات اور ہے جناح نے مسلمان قوم کو اس کی تہذیب و ثقافت کو اور اس کے مذہب وملت کو پہنچانے اور ایک علیحدہ وطن حاصل کرنے میں جو کردار ادا کیا ہے۔ اس پر ہزاروں ابوالکلام اور لاکھوں مدنی قربان کیے جا سکتے ہیں۔ وارد ھا کے سامری کے ہر سحر کو توڑنے کے لیے اور اس کے ذہنی سانپوں کو نگل جانے کے لیے خداوند تعالیٰ نے سرسید کے بعد ایک اور کلیم سیاست پیدا کیا جس کے عصائے روحانی نے ہر عفریب کا قلع قمع کر دیا اور مسلمان اس قابل ہو گئے کہ انہوں نے ایک پلیٹ فارم پر اکٹھے ہو کر اپنے مذہب کلچر، معیشت اور بود و باش کے لیے ایک علیحدہ وطن کا مطالبہ کر دیا جو مختلف مراحل سے گزرتا ہوا اور ہمالیہ کی چٹانوں سے ٹکراتا ہوا منزل مقصود کی جانب گامزن رہا اور بالآخر پاکستان وجود میں آ گیا یہ اتنا آسان کام نہ تھا جتنا اب نظر آتا ہے۔ بقول شاعر:۔ طریق عشق میں پڑتے ہیں جان کے لالے کوئی مذاق نہیں ہے کسی پر مر لینا بہتیری سیاست دان قائداعظم کی ڈپلومیسی واضح اور کھلی ڈپلومیسی تھی۔ انہوں نے جو کچھ کیا اعلان کر کے ڈنکے کی چوٹ پر کیا۔ ان کا قریب ترین آدمی تا حال ان کی سیاسی زندگی کے بارے میں کوئی ایسا انکشاف نہیں کر سکا جو کھلیعام سب کو معلوم نہ ہو۔ ان کے برعکس مولانا ابوالکلام آزاد، ڈاکٹر امبیدکر اور کے۔ ایم منشی وغیرہ کانگرس کے وہ ستونہیں جنہوں نے کانگرس کی خفیہ ڈپلومیسی کی ناکامی کے بعد اپنی یادداشتیں لکھیں اور ان کے راز فاش کیے۔ قائداعظم عوام کے جذبات کو مشتعل کر کے انہیں آلہ کار کے طور پر استعمال کرنے کے قائل نہ تھے۔ وہ انتہائی منطقی اور مدلل سیاست کے قائل تھے۔ منطق اور دلیل کے ساتھ دوسرے کو اپنے خیال کا قائل کرنا یا مدمقابل کا قائل ہو جانا ان کی سیاست کی روح تھی۔ انہوں نے بھوک ہڑتال یا دھرنے کے ذریعے کبھی کسی قوم کو ذبح نہیں کرایا اور کسی اقلیت کی قیادت سے ایسی غلطیاں نہیں کروائیں جن کی پاداش میں اس قیادت کو جھوٹے برتن مانجنے پڑے ہوں یا جوتیاں صاف کرنی پڑی ہوں۔ انہوں نے سکھوں کے اصرار کے باوجود سکھوں کو کوئی دھوکہ نہیں دیا اور یہی کیا کہ پاکستان میں انہیں باعزت اقلیت کے سوا دوسرا کوئی مقام نہیں مل سکتا۔ سکھ قیادت اس سے مطمئن نہ ہو سکی اور بھار تکے دریا میں گر کر اپنا وجود کھو بیٹھی۔ قائداعظم نے اس پر کبھی کسی افسوس کا اظہار نہیں کیا۔ ایک مرتبہ سروجنی نائیڈو کے سامنے ایک مسلمان نے جو کانگرس کی مجلس عاملہ کا ممبر بھی رہ چکا تھا قائداعظم کو انگریزوں کا زرخرید غلام کہا۔ انہوں نے فرمایا: کیا کہا تم نے جناح انگریزوں کا زرخرید ہے؟ تم بک سکتے ہو۔ میں خرید بجا سکتی ہوں۔ گاندھی جی اور جواہر لال نہرو کا سودا بھی ہو سکتا ہے۔ مگر جناح نامول ہے۔ اسے کوئی نہیں خرید سکتا۔ ہمارے نقطہ نظر سے وہ غلط راستے پر گامزن لیکن ان کی قیادت فکریہ طرح کے شک وشبہ سے بالا ہے۔ قائداعظم اپنی قیادت کی منہ مانگی قیمت وصول کر سکتے تھے وہ کسی صوبے کی گورنری پر فائز کیے جا سکتے تھے۔ کسی عدالتعالیہ کی مسند پر فائز ہو سکتے تھے۔ وائسرائے کے مجلہ ناز میں بازیاب ہو سکتے تھے۔ قانونی قابلیت، آئینی قیادت اور شاندار ملکی و ملیخدمت کے صلے انہیں بھجی پیش کی گئی۔ وزارت کی دعوت دی گئی اس شاہین عمل کو شکار کرنے کے لیے خطابات کا دام بچھایا گیا لیکن آپ ان حسین ترغیبات سے ایک ہی جست میں اس طرح نکل گئے جس طرح کڑی کمان سے تیر نکل جاتا ہے۔ اکلا ہوں ایک جنبش میں ہزار دام سے پچے غرور ہو آئے کرے شکار محمد علی جناح صرف ایک سیاسی لیڈر ہی نہ تھا وہ باپ بھی تھا اور بھائی بھی تھا اور معتمد بھی تھا، رفیق بھی تھا اور پیشوا بھی۔ غرض کہ تمام کمالات اس کی ایک ذات میں جمع تھے۔ اپنی زندگی کا بہترین حصہ وہ قوم کے تمام تفکرات کا بوجھ اپنے کندھوں پر اس کی تکالیف کا درد اپنے دل میں اور اس کی تمام محنتوں اور مشقتوں کی تکان اپنی ہڈیوں میں محسوس کرتا رہا۔ اس کے نحیف جسم میں ایک طوفانی روح چھپی ہوئی تھی اس کا عزم کوہسار سے زیادہ پائندہ اور مستحکم تھا اور اس کی ہمت عقاب سے جو سنگ خارا کی چٹانوں میں نشیمن بناتا ہے زیادہ بلند پرواز اور سبک سر، وہ ایک جری اور بے باک سپاہی تھا جو چٹانوں سے ٹکرانے اور پرخراش موجوں سے لڑنے میں باک محسوس نہیں کرتا تھا۔ اس نے کئی بار کاوٹوں کے پہاڑوں کو ٹھوکروں میں اڑا دیا۔ کئی مرتبہ پستیوں کو اچھالا اور بلندیوں کو جھکنے پر مجبور کر دیا۔ لوگوں نے کہکشاں کو اس کی تلاش میں افلاک کی رفعتوں سے اترتے بھی دیکھا ہے اور اس کی سمندہمت کی گرانے کبھی کہکشاں کی ہمسری کا دعویٰ بھی کیا ہے۔ قائداعظم کے فیض تربیت سے ہمیں خود آگہی کی جو دولت نصیب ہوئی ہے وہ ہم میں موجود ہے اس نے ہم میں اولوالعزمی کی جو غیر مغلوب اور ناقابل تسخیر روح پیدا کر دی ہے۔ اس سے کوئی ہمیں محروم نہیں کر سکتا۔ وہ ہمیشہ صبح کے ستارے کی طرح ہمارے ساتھ رہے گی اور اس کی روشنی میں ہمارے قدم برابر بڑھتے جائیں گے۔ ابھی آسمان کئی بار جھکے گا کہکشاں کئی مرتبہ افلاک کی بلندیوں سے زمین پر اترے گی پھر ہم کیوں سمجھیں کہ قائداعظم ہم میں موجود نہیں۔ جب تک ہماری روح مغلوب اور ہمارا عزم پائندہ ہے پاکستان زندہ ہے اور جب تک پاکستان زندہ ہے ہمارا محبوب رہنما بھی زندہ ہے۔

ہفت نمبر 01

ٹی آئی کے وکلا علی ظفر، بیرسٹر گوہر خان اور بابر اعوان پیش ہوئے، عدالت نے بلے کا نشان بحال کرتے ہوئے الیکشن کمیشن و دیگر فریقین کو نوٹس جاری کر دیا۔ پی ٹی آئی کے وکیل علی ظفر نے دلائل دیتے ہوئے کہا کہ الیکشن کمیشن نے اختیارات سے تجاوز کیا ہے، پی ٹی آئی کو کہا گیا کہ 20 دن کے اندر انتخابات کرائیں، 3 دسمبر کو انٹرا پارٹی انتخابات کرائے گئے، الیکشن کمیشن نے مانا کہ انٹرا پارٹی انتخابات ہوئے ہیں، انٹرا پارٹی انتخابات پشاور میں ہوئے، الیکشن کمیشن نے انتخابات کے بارے میں کہا کہ ٹھیک ہوئے ہیں، الیکشن کمیشن نے سرٹیفکیٹ بھی دے دیا، الیکشن کمیشن نے کہا کہ انتخابات ہوئے لیکن جس نے کرائے وہ ٹھیک نہیں ہے، الیکشن کمشنر پر اعتراض آ گیا اور ہمارے انتخابات کالعدم قرار دیئے گئے۔ وکیل علی ظفر نے مزید کہا ہے کہ الیکشن کمیشن کا آرڈر غیر قانونی اور غیر آئینی ہے، الیکشن کمیشن نے پی ٹی آئی سے انتخابی نشان بیٹ واپس لے لیا ہے، اب ہم انتخابات میں سیاسی جماعت کی حیثیت سے حصہ نہیں لے سکتے مخصوص نشستیں بھی سیاسی جماعت کو بغیر انتخابی نشان نہیں مل سکتیں، ایک سیاسی جماعت کو عام انتخابات سے باہر کر دیا گیا، انتخابی نشان سے متعلق سمبل کیس کے نام پر سپریم کورٹ کا فیصلہ موجود ہے۔ انہوں نے کہا ہے کہ الیکشن کمیشن نے صرف انٹرا پارٹی انتخابات پر اعتراض نہیں کیا، آئین کا آرٹیکل 17 کہتا ہے کہ ہر کسی کو ایسوسی ایشن اور یونین بنانے کا حق ہے، یونین اور ایسوسی ایشن کے پاس اپنے عہدیدار منتخب کرنے کا حق ہے، الیکشن کمیشن نے کہا کہ چیف الیکشن کمشنر کو جنرل سیکرٹری نے کیسے تعینات کیا۔ پی ٹی آئی وکیل کا مزید کہنا تھا کہ قانون کے مطابق انٹرا پارٹی انتخابات کے بعد 7 دنوں میں پارٹی سربراہ الیکشن کمیشن کو سرٹیفکیٹ دے گا، الیکشن ایکٹ میں بھی نہیں لکھا کہ انٹرا پارٹی انتخابات الیکشن کمیشن کالعدم قرار دے سکتا ہے، سرٹیفکیٹ الیکشن کمیشن 7 دنوں میں ویب سائٹ پر پبلش کرے گا، شق 215 کے تحت جب پارٹی سرٹیفکیٹ جاری ہوتا ہے تو وہ انتخابی نشان کے لیے اہل ہو جاتی ہے۔ آج کچھ دیر قبل پشاور ہائی کورٹ نے پی ٹی آئی کی انٹرا پارٹی انتخابات کالعدم قرار دینے اور پارٹی نشان واپس لینے کے الیکشن کمیشن کے فیصلے کے خلاف دائر درخواست آج ہی ساعت کے لیے مقرر کی تھی۔ قبل ازیں پی ٹی آئی نے انٹرا پارٹی انتخابات پر الیکشن کمیشن کے فیصلے کو پشاور ہائیکورٹ میں چیلنج کیا تھا۔ تحریک انصاف کی جانب سے پشاور ہائیکورٹ میں دائر درخواست میں الیکشن کمیشن اور انٹرا پارٹی انتخابات کو چیلنج کرنے والے درخواست گزاروں کو بھی فریق بنایا گیا ہے۔ درخواست میں مقف اختیار کیا گیا ہے کہ پی ٹی آئی انٹرا پارٹی انتخابات کو چیلنج کرنے والے پارٹی ممبر ہی نہیں اور الیکشن کمیشن نے انتخابی نشان بلا بھی واپس لے لیا۔ درخواست میں استدعا کی گئی ہے کہ الیکشن کمیشن کے پاس پارٹی انتخابات کرانے کے طریقے پر فیصلے کا اختیار نہیں لہذا تحریک انصاف کے انٹرا پارٹی الیکشن اور انتخابی نشان سے متعلق الیکشن کمیشن کے فیصلے کو کالعدم قرار دیا جائے۔ جسٹس کامران حیات نے دلائل سننے کے بعد کہا کہ ایڈیشنل اٹارنی جنرل صاحب آپ لوگ آئے ہیں ہم نے آپ کو سنا، اب تو کچھ کرنا ہوگا۔ اگر آپ نہ آتے تو ہو سکتا ہے ہم اس کو 2 جنوری کو جو بھی ڈویژن بینچ ہوتا اس کو بھیج دیتے، پارٹی امیدواروں کو کب تک ٹکٹ جاری کرتا ہے اس کی آخری تاریخ کیا ہے؟ اگر پارٹی سے انتخابی نشان لیا جائے تو پھر کیا رہ جاتا ہے، اگر مسلم لیگ ن سے شیر، پیپلز پارٹی سے تیر اور جے یو آئی سے کتاب واپس لیا جائے تو کیا ہوگا، عدالت نے ساعت 9 جنوری تک ملتوی کر دی۔ تحریک انصاف نے عدالت سے سینئر ججز پر مشتمل بینچ بنانے اور درخواست آج ہی ساعت کے لیے مقرر کرنے کی استدعا کی تھی۔

ہفت نمبر 02

ہائی ویز رحیم یار خان نے پراجیکٹ کی تفصیلات کے بارے بریف کرتے بتایا کہ 19.73 کلومیٹر لمبی سڑک کی مرمت و بحالی کے کام مکمل کیے جا رہے ہیں۔ اس سکیم کا تخمینہ لاگت 955 ملین روپے سے زائد ہے۔ انہوں نے بتایا کہ سڑک کے ترقیاتی کام تکمیل کے آخری مراحل میں ہیں۔ ڈپٹی سیکرٹری کمیونیکیشن اینڈ ورکس (ایڈمن) جنوبی پنجاب سید وسیم حسن نے ترقیاتی کاموں کا جائزہ لیتے ہوئے ہدایت کی کہ تمام تعمیراتی کام اعلیٰ معیار کے ساتھ مقرر کیے گئے وقت کے مطابق مکمل کیے جائیں تاکہ علاقہ کے لوگوں کو امدورفت میں آسانی ہو۔

ہفت نمبر 03

عبدالمجید ناصح، سجاد شاہین مختار مست غلام فرید جاتی اور یاسر شاہد نے اپنا کلام پیش کیا اور سامعین سے داد تحسین وصول کی محفل مشاعرہ میں شہر احمد پور شرقیہ کے سرکردہ عمائدین ادیبوں، شعرا کرام اور صحافیوں کی بڑی تعداد نے شرکت کی جبکہ نظامت کے فرائض میڈیا کلب کے صدر شیخ عزیز الرحمٰن نے انجام دیے۔ حکیم محمد طارق محمود چغتائی نے انکشاف کیا کہ وزیراعلیٰ پنجاب سید محسن نقوی جہاں ایک بڑے صحافی ہیں وہاں وہ علم ادب کے بڑے قدردان بھی ہیں۔ انہوں نے ان سے ایک ملاقات کے دوران احمد پور شرقیہ کے معروف شاعر نقوی احمد فوری مرحوم کا ذکر کیا جس پر میں نے انہیں ان کی تصنیف مطالعہ کے لئے بھجوائی شیخ الوظائف حکیم طارق محمود چغتائی نے اپنے خطاب میں سامعین کو جادو ٹونے نظر بد کے خاتمے اور دولت سے مالا مال ہونے کے وظائف بھی بتائے اور عبقری کی روحانی دینی مذہبی اور طبی خدمات کے حوالے سے آگاہ کیا محفل مشاعرہ کے اختتام پر شرکا کے اعزاز میں ظہرانہ دیا گیا۔ مشاعرہ کی تقریب کے انتظامات حکیم محمد طارق محمود چغتائی کے صاحبزادگان محمد صہیب رومی، محمد لبیب شبلی اور عون محمد غزالی نے انجام دیئے۔

ہفت نمبر 04

24 قیراط سونے کی قیمت میں معمولی کمی کے بعد قیمت 2 لاکھ 19 ہزار 600 روپے ہو گئی ہے، اس کے علاوہ 10 گرام کے 24 قیراط سونے کے نرخ 258 روپے کی کمی کے بعد 1 لاکھ 88 272 ریکارڈ کی جا رہی ہے۔ اس کے علاوہ 10 گرام کے 22 قیراط سونے کی قیمت ایک لاکھ 72 ہزار 582 روپے ہے۔ دوسری جانب عالمی مارکیٹ میں سونے کی قیمت 2 ہزار 72 ڈالر فی اونس ہے۔

ہفت نمبر 05

پولیٹیکل سائنس، سکول آف سٹیٹ سائنسز اسلامیہ یونیورسٹی بہاولپور کے زیر اہتمام ڈیجیٹل ایج میں گورننس، ڈی سینٹرلائزیشن اور ڈیموکریسی کے موضوع پر سیمینار منعقد کیا گیا۔ پروفیسر ڈاکٹر سید مصور حسین بخاری چیئرمین شعبہ سیاسیات نے تمام معزز مہمانوں کو خوش آمدید کہا۔ پولیٹیکل سائنس اور جینڈر اسٹڈیز ڈیپارٹمنٹ کے فیکلٹی ممبران اور طلباء وطالبات نے شرکت کی۔ ڈاکٹر احسن ریاض اسسٹنٹ پروفیسر شعبہ سیاسیات نے نظامت کے فرائض سرانجام دیے۔ ڈاکٹر ظہیر حسین ایسوسی ایٹ پروفیسر ڈائریکٹر انٹرنیشنل ریلیشنز شاہ عبداللطیف یونیورسٹی خیر پور سندھ نے بطور مہمان خصوصی شرکت کی۔ اس تقریب میں مختلف یونیورسٹیوں کے ماہرین، پالیسی سازوں، اور ماہرین تعلیم نے شرکت کی تاکہ گورننس، وکندریقرت اور ٹیکنالوجی کے انقاضہ کے ذریعے درپیش چیلنجوں اور مواقع کا جائزہ لیا جا سکے۔ پروفیسر ڈاکٹر امیر احمد کھوڑو، ڈائریکٹر انسٹی ٹیوٹ آف انٹرنیشنل ریلیشنز، شاہ عبداللطیف یونیورسٹی، خیر پور سندھ، پروفیسر ڈاکٹر محمد علی، شعبہ سیاسیات، جامعہ کراچی، ڈاکٹر علی شان شاہ، چیئرمین شعبہ سیاسیات جی سی یونیورسٹی فیصل آباد، ڈاکٹر عبدالباسط خان، اسسٹنٹ پروفیسر، شعبہ سیاسیات جی سی یونیورسٹی فیصل آباد نے اس سیمینار میں بطور مہمان مقرر شرکت کی۔ شرکاء نے کارکردگی، شفافیت اور خدمات کی فراہمی کو بڑھانے کے لیے حکومتی عمل میں ٹیکنالوجی کے انضمام کے موضوعات کو دریافت کیا اور ان پر تبادلہ خیال کیا۔ شرکاء نے جن موضوعات پر تبادلہ خیال کیا ان میں باخبر فیصلہ سازی کے لیے ای گورننس ٹولز، مصنوعی ذہانت اور ڈیٹا اینالیٹکس کو اپنانے کی بصیرت وکندریقرت حکمرانی کے ماڈلز کی کھوج اور مقامی شرکت اور بااختیار بنانے میں ان کے کردار، کیس اسٹڈیز، مختلف علاقوں سے وکندریقرت کے کامیاب اقدامات کو نمایاں کرتی ہیں۔ ڈیجیٹلائزیشن سے درپیش چیلنجوں کی نشاندہی، بشمول پرائیویسی، سائبر سیکیورٹی، اور ڈیٹا گورننس سے متعلق مسائل، گورننس میں ابھرتی ہوئی ٹیکنالوجیز کے استعمال میں اخلاقی تحفظات پر غور و خوض، سیاسی گفتگو اور شہریوں کی مصروفیت پر سوشل میڈیا اور آن لائن پلیٹ فارمز کے اثرات کا جائزہ، جمہوری اقدار کو فروغ دینے یا اس میں رکاوٹ ڈالنے میں ڈیجیٹل ٹولز کے کردار کا تجزیہ، موافقت پذیر گورننس ڈھانچے کی ضرورت کو تسلیم کرنا جو متعلقہ چیلنجوں سے نمٹنے کے دوران ٹیکنالوجی کے فوائد کو بروئے کار لا سکتے ہیں۔ ڈیجیٹل دور میں شمولیت اور شہریوں کی شمولیت کی اہمیت پر زور، ڈیجیٹل تقسیم کو ختم کرنے پر توجہ مرکوز کرتے ہوئے نظم ونسق کے لیے ڈیجیٹل حل کی تعیناتی، رازداری کو یقینی بنانے اور ممکنہ بدسلوکی کے خلاف حفاظت میں اخلاقی ذمہ داریوں کا اعتراف شامل ہیں۔ انہوں نے پالیسیوں کی وکالت کی سفارش کی جو ڈیجیٹل خواندگی کو فروغ دیتی ہیں اور ڈیجیٹل تقسیم کو ختم کرنے کے لیے ٹیکنالوجی تک مساوی رسائی کو یقینی بناتی ہیں۔ ڈیجیٹلائزڈ گورننس سسٹم کی حفاظت کے لیے مضبوط سائبر سیکیورٹی اقدامات کی ترقی اور نفاذ کی حوصلہ افزائی کریں۔ گورننس کے طریقوں میں جدت لانے کے لیے حکومتوں، تعلیمی اداروں اور نجی شعبے کے درمیان تعاون کو فروغ دینا، ڈیجیٹل دور میں گورننس، وکندریقرت اور جمہوریت پر سیمینار نے فکر انگیز بات چیت اور علم کے تبادلے کے لیے ایک پلیٹ فارم کے طور پر کام کیا۔ جیسے جیسے معاشرے ڈیجیٹل دور کی پیچیدگیوں کو نیویگیٹ کرتے رہتے ہیں، اس سیمینار سے حاصل ہونے والی بصیرتیں نظم ونسق کے نظام کو تشکیل دینے کے لیے جاری مکالمے میں حصہ ڈالتی ہیں جو ڈیجیٹل دور میں جوابدہ، جامع اور اخلاقی طور پر بنیاد رکھتے ہیں۔ آخر میں پروفیسر ڈاکٹر سید مصور حسین بخاری چیئرمین شعبہ سیاسیات نے اس سیشن میں شامل ہونے والے تمام طلباء، فیکلٹی ممبران اور معزز مہمانوں کا شکریہ ادا کیا۔ انہوں نے ان کی شرکت اور تعاون کو تسلیم کرنا جو اس کا فنڈ کسی اور مد میں ٹرانسفر کر دیا گیا ہے، حسن عسکری شیخ نے کہا کہ ہمیں اب آنے والی نسلوں کے بارے میں سوچنا ہوگا، ہم نے تو جیسے تیسے زندگی گزار لی اب اپنے بچوں کا مستقبل تباہ نہیں کر سکتے، انہوں نے کہا کہ یہی صورتحال یونین کونسل کلاب کے علاقوں کی ہے، پانی نہ ہونے کی وجہ سے سونا اگلتی زمینیں بنجر ہو رہی ہیں، انہوں نے کہا کہ ہم چوہدری طارق بشیر چیمہ کی قیادت میں جس طرح تحصیل یزمان کے مسائل حل ہوئے ہیں اسی طرح ہم اپنے علاقے کے مسائل کے حل کے لئے کوشاں ہیں، اس موقع پر سابق کونسلر ملک ذوالفقار علی ناچ، سماجی کارکن پیر انڈتہ بلوچ بھی موجود تھے قبل ازیں انہوں نے موضع رام کلی میں ملک محمد اجمل ردسابق کونسلر اور ملک حسن رڈ ودیگر سے بھی ملاقات کی۔

ہفت نمبر 06

انور حیہ نے سینٹ ڈومینک کیتھولک چرچ بہاول پور میں مسیحی برادری کے ہمراہ کرسمس کیک کاٹا اور انہیں اس تہوار کی مبارکباد دی۔ اس موقع پر سینٹ ڈومینک چرچ بہاول پور کے فادر یونس شہزاد اوپی، فادر یاسر پال اوپی، اسسٹنٹ کمشنر بہاول پور سٹی عدیل خان، چیف آفیسر میونسپل کارپوریشن میاں اظہر جاوید، میر جمال احمد، احسان اللہ راحت، علامہ عبدالرزاق شائق، چیف سینٹری انسپکٹر میونسپل کارپوریشن ملک ریاض بھی شریک تھے۔ ڈپٹی کمشنر نے کہا کہ مسیحی برادری تعمیر وترقی میں شانہ بشانہ کھڑے ہیں اور ہم ان کی خوشیوں میں شریک ہیں۔ فادر یونس شہزاد نے کرسمس کی تقریب کو سراہا اور کہا کہ ڈپٹی کمشنر کی مسیحی ملازمین سے شفقت اور سرپرستی قابل تحسین ہے۔ مسیحی برادری نے کرسمس کی خوشیوں میں شرکت اور حوصلہ افزائی پر ڈپٹی کمشنر کا شکریہ ادا کیا۔ بعدازاں منعقدہ تقریب میں ڈپٹی کمشنر نے کرسمس کے موقع پر مسیحی ملازمین میں کرسمس کی خوشی کے موقع پر تحائف تقسیم کئے۔ ڈپٹی کمشنر نے اظہار خیال کرتے ہوئے کہا کہ مسیحی برادری کے افراد زندگی کے مختلف شعبوں میں اپنا بھرپور کردار ادا کر رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ مسیحی برادری کی ملک کی ترقی و خوشحالی میں گرانقدر خدمات ہیں۔ انہوں نے کہا کہ کرسمس کے پیش نظر حکومت پنجاب کی ہدایات کے مطابق مختلف ادارہ جات میں تعینات مسیحی سٹاف کو ماہ دسمبر کی پیشگی تنخواہ جاری کر دی گئی ہے تاکہ وہ اپنے مذہبی تہوار کو بھرپور انداز میں منا سکیں۔ تقریب میں مسیحی ملازمین میں پھول پیش کئے گئے اور مٹھائی بھی تقسیم کی گئی۔

ہفت نمبر 07

اسٹیشنز کی کیمروں سے مانیٹرنگ ہوگی۔ بلوچستان کے 2 ہزار 38، خیبر پختونخوا کے 4 ہزار 344 پولنگ اسٹیشنز پر انتخابی سرگرمی کی کیمرے سے نگرانی ہوگی۔ دوسری جانب پنجاب کے 15 ہزار 829 پولنگ اسٹیشنز کو حساس، سندھ میں 8 ہزار 30، بلوچستان میں 2 ہزار 68 جبکہ خیبر پختونخوا میں ساڑھے 6 ہزار سے زائد پولنگ اسٹیشنز حساس کیٹگری میں رکھے گئے ہیں۔

ہفت نمبر 08

کے نامزد امیدوار حسن عسکری شیخ کی بھرپور انتخابی مہم جاری ہے، گزشتہ روز انہوں نے سابق چیئرمین یونین کونسل چنی گوٹھ مہر محمد صدیق کے ہمراہ موضع جھوک فرید موضع لعلو نانچ میں صدارتی ایوارڈ یافتہ شاعر جہانگیر مخلص کے پاس گئے ان سے گفتگو کرتے ہوئے حسن عسکری شیخ نے کہا کہ اپنے علاقے کے مسائل کے حل کے لئے ہمارے علاقے کو ایک پیج پر اکٹھے ہونا وقت کی اہم ضرورت ہے، انہوں نے کہا کہ ہمارا علاقہ بنیادی سہولیات سے محروم ہے، ہمارے علاقے میں کوئی ہسپتال نہیں ایمرجنسی کی صورت میں ہمیں 80 کلومیٹر کا سفر طے کر کے بہاولپور جانا پڑتا ہے، چنی گوٹھ میں گرلز ڈگری کالج منظور ہونے کے باوجود اس کا فنڈ کسی اور مد میں ٹرانسفر کر دیا گیا ہے، حسن عسکری شیخ نے کہا کہ ہمیں اب آنے والی نسلوں کے بارے میں سوچنا ہوگا، ہم نے تو جیسے تیسے زندگی گزار لی اب اپنے بچوں کا مستقبل تباہ نہیں کر سکتے، انہوں نے کہا کہ یہی صورتحال یونین کونسل کلاب کے علاقوں کی ہے، پانی نہ ہونے کی وجہ سے سونا اگلتی زمینیں بنجر ہو رہی ہیں، انہوں نے کہا کہ ہم چوہدری طارق بشیر چیمہ کی قیادت میں جس طرح تحصیل یزمان کے مسائل حل ہوئے ہیں اسی طرح ہم اپنے علاقے کے مسائل کے حل کے لئے کوشاں ہیں، اس موقع پر سابق کونسلر ملک ذوالفقار علی ناچ، سماجی کارکن پیر انڈتہ بلوچ بھی موجود تھے قبل ازیں انہوں نے موضع رام کلی میں ملک محمد اجمل ردسابق کونسلر اور ملک حسن رڈ ودیگر سے بھی ملاقات کی۔

ہفت نمبر 09

بچے شامل تھے۔ افغانستان روانگی کے لیے درجنوں گاڑیوں میں متعدد خاندانوں کی اپنے وطن واپسی عمل میں لائی گئی ہے۔ یاد رہے کہ حکومت پاکستان کے اعلان سے قبل بھی غیر قانونی افغان باشندوں کی کثیر تعداد گرفتاری کے ڈر سے پاکستان سے واپس افغانستان جاتی رہی ہے تاہم 25 دسمبر کو سرکاری اعداد وشمار کے مطابق مجموعی طور پر 4 لاکھ 48 ہزار سے زائد افغان باشندے ملک واپس لوٹ گئے ہیں۔ واضح رہے کہ ملک بھر کی طرح کراچی میں بھی غیر قانونی طور پر مقیم افراد کی بڑی تعداد موجود تھی، غیر قانونی غیر ملکیوں کی وجہ سے کراچی میں اسٹریٹ کرائم اور بھتہ خوری بہت عام تھی تاہم قابل اطمینان امر یہ ہے کہ حکومت پاکستان اور عسکری قیادت کی مشترکہ کاوش

25 DECEMBER

بانی پاکستان کا یوم ولادت

کے بامسرت موقع پر ہم عہد کرتے ہیں کہ ہم ملک کے دفاع کیلئے ہر وقت تیار رہیں گے
اور بابائے قوم قائداعظم محمد علی جناح کی امیدوں اور تمناؤں کے مطابق کسی قربانی سے دریغ نہیں کرینگے

ہم اس بات کا بھی عہد کرتے ہیں کہ نواب سر صادق محمد خان خامس عباسی اور قائداعظم کے مابین کیے گئے معاہدوں کی تکمیل کیلئے بھرپور کوشش کرینگے

منجانب

نواب صلاح الدین عباسی

امیر آف بہاول پور

صادق گڑھ پیلس ڈیرہ نواب صاحب

25 DECEMBER

بانی پاکستان کا یوم ولادت

آج کے تاریخ ساز دن ہمیں خدا کے حضور سجدہ شکر بجالانے کے بعد یہ
عہد کرنا چاہے کہ ملک میں اسلامی نظام کے نفاذ کے سلسلہ میں عزم وہمت کے
علاوہ تحریک پاکستان کے جذبہ کو تازہ اور زندہ رکھیں گے۔

منجانب

پرنس بہاول عباس عباسی

ولی عہد
امیر آف بہاول پور

صادق گڑھ پیلس ڈیرہ نواب صاحب

یوم پیدائش
25 DECEMBER

قائداعظم محمد علی جناحؒ

قائداعظم کے فرمودات اتحاد ایمان تنظیم پر

عمل پیرا ہوتے ہوئے عہد کرتے ہیں کہ ہم نظریہ پاکستان کی سربلندی اور وطن عزیز
کی ترقی وخوشحالی کے لئے بھرپور جدوجہد جاری رکھیں گے۔ ملکی سلامتی، ترقی استحکام
نیز علاقائی سالمیت کے تحفظ کے لئے کوئی دقیقہ فروگزاشت نہیں کریں گے۔



منجانب

حسن عسکری شیخ

امیدوار صوبائی اسمبلی
حلقہ پی پی 248 چولستان
چنی گوٹھ، کلاب، شای والا

آج پوری قوم بانی پاکستان کا یوم ولادت منا رہی ہے
آج کے دن ایک ایسی تاریخ ساز ہستی نے جنم لیا
جس نے تاریخ کے رُخ بدل دیئے
ہندو اور انگریز سامراج سے دوہری جنگ لڑ کر ہمیں
پاکستان بنا دیا جس کا تحفظ ہم سب کا ملی فریضہ ہے

منجانب

عارف عزیز شیخ

سابق رکن قومی اسمبلی چنی گوٹھ تحصیل احمد پور شرقیہ



یوم پیدائش
25 DECEMBER

قائداعظم محمد علی جناحؒ و میاں محمد نواز شریف

پاکستان کی حفاظت ہر مسلمان کا مقدس فریضہ ہے جسکے لئے مسلمانوں نے عظیم قربانیاں دیں
ان قربانیوں کا مقصد خدا کے نام پر حاصل کئے گئے خطے میں اسلامی نظام کا نفاذ تھا

منجانب

قاضی عدنان فرید

سابق ایم پی اے
پاکستان مسلم لیگ (ن)
احمد پور شرقیہ

امیدوار صوبائی اسمبلی حلقہ پی پی 249 احمد پور شرقیہ

25 DECEMBER

یوم ولادت قائداعظم محمد علی جناحؒ

پاکستان کی حفاظت ہر مسلمان کا مقدس فریضہ ہے جسکے لئے مسلمانوں نے عظیم قربانیاں دیں
ان قربانیوں کا مقصد خدا کے نام پر حاصل کئے گئے خطے میں اسلامی نظام کا نفاذ تھا

آیئے ہم عہد کریں کہ ہم پاکستان کو مضبوط و مستحکم بنانے میں کوئی کسر نہ اٹھا رکھیں گے

منجانب

محمد سلیمان فاروقی

ماہر تعلیم
ڈائریکٹر پنجاب کالج احمد پور شرقیہ

25 DECEMBER

یوم ولادت قائداعظم محمد علی جناحؒ

آج کے تاریخ ساز دن ہمیں خدا کے حضور سجدہ شکر بجالانے کے بعد یہ
عہد کرنا چاہے کہ ملک میں سے دہشت گردی کے خاتمے کے لیے عزم وہمت کے علاوہ
تحریک پاکستان کے جذبہ کو تازہ اور زندہ رکھیں گے۔

منجانب

راؤ محمد اقبال مسعود ایڈووکیٹ

سینئر رہنماء پاکستان مسلم لیگ احمدپور شرقیہ

25 DECEMBER

یوم ولادت قائداعظم محمد علی جناحؒ

آج کے تاریخ ساز دن ہمیں خدا کے حضور سجدہ شکر بجالانے کے بعد یہ
عہد کرنا چاہے کہ ملک میں سے دہشت گردی کے خاتمے کے لیے عزم وہمت کے علاوہ
تحریک پاکستان کے جذبہ کو تازہ اور زندہ رکھیں گے۔

منجانب

منظور ایاز خان

کاٹن جنز

ممبر ایگزیکٹو بہاول پور چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری